## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینرڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی مرحوم کا فاتحہ سوئم
## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے خضوع وخشوع کے ساتھ دعا کرائی
## دعامیں ممتازسیاسی سماجی اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد کی شرکت

کراچی۔۔۔16،اپریل2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینراورقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرڈاکٹرمحمد فاروق ستار کے والدعبدالستارنورپیروانی مرحوم کی فاتحہ سوئم بدھ کے روز بعدنمازعصر پیرالہٰی بخش کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کمیونٹی ہال میں ہوئی جبکہ خواتین کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا اہتمام مرحوم کی رہائشگاہ پرکیا گیا تھا جس میں عبدالستارنورپیروانی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افرادخصوصاً شرکت کی۔عبدالستارنورپیروانی کی فاتحہ سوئم میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فون پرخضوع وخشوع کے ساتھ خصوصی رقت آمیز دعا کرائی اورمرحوم کی فاتحہ اورمغفرت کی دعا کرائی۔فاتحہ سوئم کے اجتماع میں مرحوم کے صاحبزادے ڈاکٹر فاروق ستار، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم،جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،اراکین سیدشعیب بخاری،عادل صدیقی،بابرخان غوری،ڈاکٹرعاصم رضا،اشفاق منگی،شاہدلطیف،سٹی ناظم سیدمصطفیٰ کمال،ٹاؤن ناظمین،ممتازسیاستداں جمعیت علمائے پاکستان کے رہنما صدیق راٹھور،دوست محمدفیضی،طارق محبوب،بینکرشجاعت بیگ،سابق نگراں وفاقی وزیرڈاکٹرفہیم انصاری،سابق نگراں صوبائی وزیرعارف عباسی،شیخ الجامعہ ڈاکٹر پیرزادہ قاسم،قونصل جنرل ایران ،قونصل جنرل گینی ضیاءاحمدخان،مسلم لیگ ق کے رہنماءفاروق اعوان،تحریک استقلال پاکستان کے رحمت خان وردک،شادمحمد،مسلم لیگ ن کے رہنماءحلیم صدیقی ،سینیٹرماجدسلطان،پاکستان ڈیموکریٹ کے پارٹی بشارت مرزا،پاکستان عوامی تحریک کے سیداوسط علی،طاہرالقادری،حمزہ قادری،ممتازعلماءکرام مولاناابراررحمانی مفتی منیب الرحمٰن،علامہ سیداظہرحسین جعفری،علامہ سیدعلی کرارنقوی،حاجی حنیف طیب،معروف قوال غلام شبیرصابری،بینکرز،سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے اعلیٰ احکام،ممتازصحافتی واخباری تنظیموں کے نمائندگان،اسماعیلی کمیونٹی،بوہرہ برادری،پیروانی کمیونٹی کے عوام کے علاوہ نائن زیرو کے مختلف ونگزوشعبہ جات کے ارکان،ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرزاوریونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## غریب لوگ پہلے ہی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں اب آٹا بھی انکی پہنچ سے دورہوگیا ہے۔مصطفیٰ عزیزآبادی
## ’’روٹی،کپڑااورمکان‘‘ کانعرہ لگانے والے بتائیں کہ جب غریب کوروٹی ہی میسرنہیں ہوگی تو کپڑے اورمکان کا کیا فائدہ؟
## غریب عوام انتہائی مہنگے داموں پرغیرمعیاری آٹاخریدنے پرمجبور ہیں،حکومت ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کررہی

لندن۔۔۔16 اپریل2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ عزیزآبادی نے ملک میں آٹے کے بڑھتے ہوئے بحران پرگہری تشویش کا اظہارکیا ہے۔اپنے ایک بیان میں مصطفیٰ عزیزآبادی نے کہا کہ ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام پہلے ہی کمرتوڑمہنگائی سے پریشان حال ہیں اوراب موجودہ حکومت کے آتے ہی آٹا بھی مزیدمہنگا ہوگیا ہے،آٹے کی شدیدقلت اورقیمتوں میں ہوشربا اضافے نے پریشان حال غریب عوام کومزید پریشانیوں میں مبتلا کردیا ہے اوروہ انتہائی مہنگے داموں پرغیرمعیاری آٹاخریدنے پرمجبور ہیں اورحکومت ذخیرہ اندوزی کرنے والے مل مالکان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کررہی ہے ۔مصطفیٰ عزیزآبادی نے کہا کہ وہ غریب لوگ جو پہلے ہی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں اب آٹا بھی ان کی پہنچ سے دورہوگیا ہے۔مصطفیٰ عزیزآبادی نے کہا کہ ’’روٹی،کپڑااورمکان‘‘ کانعرہ لگانے والے بتائیں کہ جب غریب کوروٹی ہی میسرنہیں ہوگی تو کپڑے اورمکان کا کیا فائدہ؟ آخریہ پریشان حال غریب عوام اب کہاں جائیں؟ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت کے دورمیں جب آٹے کا بحران ہواتو موجودہ حکمراں جماعتوں نے حکومت کوشدیدتنقید کا نشانہ بنایا تھا،پھرآج وہ اپنے دورحکومت میں آٹے کے بحران پرقابو پانے میں ناکام کیوں ہیں؟ مصطفیٰ عزیزآبادی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آٹے کی قلت پرقابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پراقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیوایم کے عظیم الشان جنرل ورکرز اجلاس کے انعقاد پر تمام کارکنوں، ذمہ داروں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کو رابطہ کمیٹی کا زبردست خراج تحسین

## ایم کیوایم کے کارکنان وعوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پرعزم قیادت میں متحد ومنظّم ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16 اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز کراچی اور حیدرآباد میں عظیم الشان جنرل ورکرز اجلاس کے انعقاد پر تمام کارکنوں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز محض چوبیس گھنٹوں کے نوٹس پر ایم کیوایم کے تاریخی جنرل ورکرز اجلاس سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کی صفوں میں مثالی اتحاد برقرار ہے اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پرعزم قیادت میں متحد ومنظّم ہیں۔رابطہ کمیٹی نے جنرل ورکرز اجلاس کو بھرپور انداز میں کامیاب اور تاریخی بنانے پر کراچی کے تمام سیکٹروں، یونٹوں، تمام ونگز، شعبہ جات اور حیدرآباد زون کے تمام کارکنوں، ذمہ داروں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## محبان پاکستان کے زیراہتمام ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے مسجد نبوی میں قرآن خوانی کی گئی

مدینہ منورہ۔۔16اپریل 2008ء۔۔۔خلیجی ریاستوں میں پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کی روح کے ایصال ثواب کیلئے مسجد نبوی میں قرآن وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں محبان پاکستان مدینہ منورہ کے آرگنائزر محمود الحق، جوائنٹ آرگنائزر سید اختر علی، ارکان ذوالفقار الدین آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجتماع میں ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ان درجات بلند کرنے اور سوگوارلواحقین کے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

## ٹنڈوالہیار کے جوائنٹ انچارج راشد علی کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔15اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے جوائنٹ انچارج ارشادعلی کی والدہ سحند بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے ارشادعلی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔آمین

## مظفرآباد میں ویگن کے دریائے نیلم میں گرنے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر اظہار افسوس

کراچی۔۔15اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مظفرآباد میں مسافروں کی ویگن دریائے نیلم میں گرنے کے نتیجے میں 16افراد کے جاں بحق اور 6افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے حادثہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوارلواحقین کو یہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔رابطہ کمیٹی نے زخمیوں کیلئے بھی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کے والد کے انتقال پر سینیٹر غفار قریشی، وزیر بلدیات آغا سراج درانی، رکن قومی اسمبلی رقیہ خانم، غوث بخش مہر، عارف جتوئی اور دیگر نے گھر پہنچ کر تعزیت کا اظہار کیا، وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ، تہمینہ دولتانہ، فخر النساء، ارباب غلام رحیم کی

## فون پر تعزیت

کراچی ۔۔۔16، اپریل 2008ء ۔۔۔مختلف سیاسی و مذہبی، سماجی رہنماؤں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی کے انتقال پر اظہار تعزیت کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔ گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سینیٹر غفار قریشی، صوبائی وزیر بلدیات آغا سراج درانی، رکن قومی اسمبلی رقیہ خانم سومرو، پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رکن سندھ اسمبلی علیم عادل شیخ، سابق وفاقی وزیر ریلوے غوث بخش مہر، سابق صوبائی وزیر عارف جتوئی، سابق رکن قومی اسمبلی میاں اختر پگا نوالہ، جامعہ بنوریہ ٹرسٹ کے مہتمم مفتی نعیم اور مسلم لیگ فنکشنل کی خواتین ونگ کے 5 رکنی وفد نے ڈاکٹر فاروق ستار کی رہائشگاہ واقع پی آئی بی کالونی پہنچ کر ان کے والد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ اسی طرح وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کی وفاقی وزیر محترمہ تہمینہ دولتانہ، سابق وزیر اعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم اور پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی فخر النساء نے ٹیلی فون پر ڈاکٹر فاروق ستار سے تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالستار نور محمد پیروانی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

## ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔16 اپریل 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی کے والد محمد علیم شاہوانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے یوسف شاہوانی اور ان کے تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ آمین

## بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی کے والد محمد علیم شاہوانی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔16 اپریل 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی کے والد محمد علیم شاہوانی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین   دریں اثناء ایم کیو ایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی یوسف شاہوانی کے والد محمد علیم شاہوانی کے انتقال پر مرحوم کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆